## سوال

(140) نمازِ ظہر اور عصر، مغرب اور عشاء ساتھ جمع کر کے پڑھے تو سنت نفل الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازِ ظہر اور عصر، مغرب اور عشاء ساتھ جمع کر کے پڑھے تو سنت نفل پڑھے یا چھوڑ دے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمع صلوتین کی صورت میں آنحضرت ﷺ صرف فرض پڑھا کرتے تھے۔ حدیث شریف میں آیا ہے لم یسبح بینھما یعنی نمازوں کے جمع کرنے میں نوافل، سنتیں نہیں پڑھیں۔ (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱، ص ۴۸۵)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 225